فکر و نظر ---- اسلام آباد　　　　جلد : ۳۶　　شمارہ : ۱

تعارف و تبصرہ کتب

عنوان کتاب : ثبوت حاضر ہیں : قادیانیوں کے بدترین کفریہ عقائد و عزائم پر مبنی عکسی شہادتیں

تحقیق و ترتیب : محمد متین خالد

صفحات : ۸۷۱

ناشر : عالمی مجلس ختم نبوت حضوری باغ، ملتان

تبصرہ نگار : محمود احمد غازی ☆

قادیانی عقائد و نظریات بلکہ مغالطوں اور التباسات پر گزشتہ سو سوا سو سال کے دوران ہزار ہا کتابیں اور کتابچے اور لاکھوں صفحات لکھے جا چکے ہیں - مرزا غلام احمد قادیانی کے معاصر اور ہم وطن علماء سے لے کر دور جدید کے عرب و عجم کے اہل علم تک ہر صاحب بصیرت نے اتمام حجت کرنے میں کوتاہی نہیں کی- جن کو اللہ تعالی نے قلب سلیم سے نوازا ہے ، ان کے لئے ایک ہی مدلل تحریر کافی ہوتی ہے ، لیکن جن کے دلوں پر مہر لگ چکی ہو ان کے لئے دفتر کے دفتر بے معنی ہی رہتے ہیں -

مرزا غلام احمد صاحب نے اپنے ماننے والوں کو اور کوئی تعلیم دی ہو یا نہ دی ہو ضد اور ڈھٹائی خوب سکھا رکھی ہے - ان لوگوں کے سامنے چاہے ادھر کی دنیا ادھر ہو جائے یہ اپنی گمراہیوں پر ذرہ برابر غور کرنے کو تیار نہیں ہوتے اور ہر بات کے جواب میں یہی کہتے

☆ نائب صدر، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی ، اسلام آباد

© Dr Muhammad Hamidullah Library, IIU, Islamabad.　　http://iri.iiu.edu.pk/

رہتے ہیں کہ یہ مخالفین کا پروپیگنڈا ہے - اس لئے گذشتہ سو سال کا تجربہ یہی ہے کہ آپ ان کے سامنے جیسا چاہے ثبوت پیش کردیں یہ اپنی ہی کہتے رہتے ہیں -

جناب محمد متین خالد کی کتاب اتمام حجت کی اس سو سالہ اور مخلصانہ کاوش کا ایک اور قابل ذکر نمونہ ہے - انھوں نے مرزائیوں کے سارے لٹریچر سے سینکڑوں شواہد ان کی کفریات و خرافات کے جمع کر کے مرزا صاحب اور ان کے متبعین کی اصل کتابوں کی عکسی نقول کے ساتھ پیش کر دیئے ہیں - ان شواہد سے وہ مسلمان خاص طور پر استفادہ کر سکتے ہیں جن کو قادیانیوں کے اصل مآخذ کے ذریعہ ان کے کفریات و خرافات سے براہ راست واقف ہونے کا موقع نہیں ملا -

مصنف نے مرزا صاحب کی کتابوں سے منتخب مواد کو سولہ مختلف ابواب کے تحت بڑے سلیقہ سے مرتب کر دیا ہے - ان ابواب میں نبوت ، ختم نبوت ، توہین باری تعالی ، توہین انبیاء ، مسلمانوں کی تکفیر اور مرزا صاحب کی شخصیت اور ذاتی کردار جیسے اہم موضوعات سے بحث کی گئی ہے -

کتاب کا علمی معیار اس کے اصل مآخذ کے حوالوں سے ظاہر ہے ، معیار طباعت اونچا اور ترتیب منطقی ہے - ملک کے ممتاز ترین اور جید ترین اہل علم و دانش کی تقریظات و آراء نے کتاب کی اہمیت اور ثقاہت میں اور بھی اضافہ کر دیا ہے - اللہ تعالی اس کاوش کو مصنف کے لئے بلندی درجات کا، مسلمان قارئین کے لئے اطمینان قلبی کا اور قادیانی قارئین کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنائے -

☆☆☆☆☆